# دور پیمبر میں ہم
# چلے تو کیا کیا دیکھا۔

## عثمان پبلک اسکول سسٹم

کیمپس 3

2023

# مدیرہ کے قلم سے !

وہ دانائے سبل، ختم الرسل، مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادیٔ سینا
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰس وہی طٰہٰ

محترم قارئین! سیرت نمائش کے ضمن میں خصوصی مجلہ پیش نظر ہے۔شعبہ تربیہ کے ایماء پر اس نمائش کا انعقاد کیا گیا۔عثمان پبلک اسکول سسٹم شعبہ تربیہ کی رہنمائی نے اس مشن کو جلا بخشی۔ نظریاتی ،اخلاقی اور دینی تربیت ہمارا مطمع نظر ہے۔اس نمائش کا بنیادی مقصد اطاعت و اتباع اور پیروی کے جذبے کو اجاگر کرنا اور حب رسولﷺ کی خوشبو سے چمستان حیات کو معطر کرنا ہے۔

قرآن مجید اور فرقان حمید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ

اے نبی ﷺ کہ دیجیے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہوتو میری (محمد ﷺ کی )اطاعت کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمھارے گناہوں کو بخش دے گا۔اس نمائش کا مقصد نسل نو کو حضور انورﷺ کی سیرت کے مختلف گوشوں سے متعارف کروایا جائے تاکہ وہ ہمہ تن اور ہمہ وقت اقامت دین کے لیے کوشاں رہیں ۔اس سیرت نمائش میں معزز مہمان گرامی ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب معین الدین نیر،ڈائریکٹر اکیڈمکس ،ڈائریکٹر تربیہ ، ناظم ضلع کراچی خواتین ،ناظم ضلع وسطی خواتین اور والدات نے شرکت کی۔اس کے لیے ہماری قابل احترام پرنسپل صاحبہ،وائس پرنسپل صاحبہ،اساتذات اور طالبات کے تعاون سے مستند کتابوں کا انتخاب کیا گیا جس میں الرحیم المختوم، محسن انسانیت، محمد عربی اور آپﷺ کا طریقہ تربیت سے کماحقہ استفادہ کرنے کی بھرپور سعی کی گئی ا ور اس بات کا پورا اہتمام کیا گیا کہ عام الفیل سے لے کر( جو نبی کریمﷺ کی پیدائش سے پہلے کا واقعہ ہے ) آپﷺ کے وصال تک کے تمام واقعات کو مختلف سرگرمیوں ،خوبصورت ماڈلز ،ٹیبلوزاور جاذب نظر چارٹس کے ذریعے بتدریج حاضرین کے سامنے پیش کیا جائے۔اس کے لیے تمام معلمات نے نہ صرف بہترین منصوبہ بندی کی بلکہ طلبہ نے بڑی جانفشانی کے ساتھ اس خواب کو حقیقت کا روپ دیااور حب رسولﷺ کے جذبے کی آبیاری کے لیے ایک ایسا عملی قدم اٹھایا گیا جو ایک منفرد دینی خدمت ہے ۔ شرکاء نمائش نے بھی سیرت نمائش کو بے حد سراہا اور اس کے کامیاب انعقاد پر پرنسپل و منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا۔اس دور فتن میں جب ختم نبوت کے حوالے سے فتنے سر اٹھارہے ہیں اور نوجوان نسل کے ذہنوں کو پراگندہ کرنے کی بھرپور کوشش جارہی ہے ۔ایسے میں ضرورت ہے کہ حب الٰہی اور حب رسول کے جذبے کی آبیاری کی جائے یہ بات تجربے میں آئی ہے کہ پیارے نبیﷺ کی مداح سرائی کرنے والے،نعتیں پڑھنے والے ان کی سیرت کے اکثرپہلوؤں سے نا آشنا ہوتے ہیں ہم نے پوری کوشش کی کہ طلبہ اس بارے میں جان سکیں انہیں ایسا ماحول فراہم کیا گیا جس میں آپﷺ کی ہمہ جہت زندگی کے تمام پہلوؤں پر بالترتیب روشنی ڈالی گئی۔ اس نمائش کومنفرد انداز سے دیکھنے والوں کے سامنے پیش کیا گیا ۔ہم امید کرتے ہیں کہ اللہ کی بارگاہ میں یہ احسن کاوش شرف قبولیت حاصل کرے گی۔انشاء اللہ جب عنقریب یہ مجلہ آپ کی نظروں سے گزرے گا تو وہ بہت سارے لوگ جو اس نمائش میں شریک ہوئے یا کسی مجبوری کی وجہ سے اس میں شرکت نہیں کر سکے وہ اس کا مطالعہ کرنے کے بعد سیرت نمائش کی اس بے مثال کاوش کو ضرور سراہیں گے اورپیارے نبیﷺ کی عقیدت و محبت میں سجائی جانے والی محفل بارگاہ رسالت میں ہدیہ کے طور پر پہنچے گی۔ دعا ہے کہ اس سیرت محفل میں شریک ہونے والے تمام طلبہ و طالبات ملت اسلامیہ کے بانیان اورپاسبان کی حیثیت سے معاشرے میں اپنا فعال کردار ادا کریں ، اقامت دین کے کام کو منظم انداز سے کرنے کی بہترین کوشش کریں اورجو کچھ یہاں سے سیکھا ہے اس نور رسالت سے معاشرے کے گوشہ گوشہ کو منور کریں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں متعدد مقامات پر حضورﷺ کی محبت اور اطاعت کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے فرمایا

اے نبی ﷺ کہ دیجیے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہوتو میری (محمد ﷺ کی )اطاعت کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمھارے گناہوں کو بخش دے گا۔

حب رسولﷺ کے اظہار کی یہ ادنیٰ کاوش ہے ہم امید کرتے ہیں کہ طلبہ اس سے مستفید ہوتے ہوئے بہتر انداز میں پیارے نبیﷺ کے پیغام کو معاشرے میں پہنچا سکیں گے۔

وقت فرصت ہے کہاں کام ابھی باقی ہے
نور توحید کا اتمام ابھی باقی ہے

# سیرت نمائش کا آنکھوں دیکھا حال

عثمان پبلک اسکول کیمپس سوم میں سیرت نمائش کا انعقاد ایک یادگار پروگرام تھا۔جس کی تیاری میں اساتذہ و طلبہ تقریباً ایک مہینہ زور و شور سے مصروف رہے نمائش کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں نبی ﷺ کی پیدائش یعنی عام الفیل سے لے کر نبی ﷺ کے وصال تک آپ ﷺ کی سیرت کے واقعات کو خوبصورت ماڈل، جاذب نظر چارٹس اور طالبات کی پریزنٹیشن کے ذریعے بڑے منفرد طریقے سے اجاگر کیا گیا تھا۔

اسکول میں داخل ہوتے ہی محسوس ہوا کہ جیسے ہم دور پیمبری ﷺ میں داخل ہوگئے ہیں ۔سامنے پنڈال اور اسٹیج کی تزئین و آرائش بہت دلکش منظر پیش کر رہی تھی ۔اسٹیج پر دور نبوی ﷺ سے منسلک تقاریر،ٹیبلو اور نعتوں کے ذریعے احساسات کو جگایا جا رہا تھا ۔آغاز میں ہی واقعہ فیل کا دلکش ماڈل واقعے کی پوری تصویر آنکھوں کے سامنے پیش کررہا تھا۔اقرا پہلی وحی، نبی ﷺ کا مکی دور میں اہل خاندان کو اور اہل مکہ کوہ صفا پر دعوت،حضرت خدیجہ کے وصال کا (عام الحزن کہلانے والا )سال،شعب ابی طالب کے دشوار گزار تین سال ،پھر نبی کریم ﷺ کو دی جانے والی تکالیف کا احوال اور اس پر پیارے نبی ﷺ کی دعا طالبات کی زبانی سن کر نبی ﷺ سے محبت و عقیدت میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔اب باری تھی واقعہ معراج ، براق پر نبی ﷺ کی ساتوں آسمانوں کی سیر،دیگر انبیاءسے ملاقات و تحفہ نماز کے احوال کی۔جگمگ اور روئی کے گالوں جیسے آسمانوں کے ماڈل خوبصورت منظر پیش کررہے تھے۔کفار کے اعتراضات کے جواب میں شق القمر کا واقعہ چاند کو دو ٹکڑوں کی صورت میں دکھا رہا تھا۔

اب ہم مدنی دور میں ہجرت مدینہ کے مشکل ترین سفر اور غار ثور میں قیام کو ماڈل کی صورت میں دیکھ رہے تھے۔مدینۃ النبی ﷺ کی کشادہ سڑکوں کا نظارہ،عدالتیں،نظام معیشت،تعلیم،مدینہ کے بازار وراثت،زکوۃ و صدقات کے پورے نظام کو بہت باریک بینی اور محنت سے ماڈل کی صورت میں دکھایا گیا تھا۔مشہور غزوات بدر،احد،احزاب،خیبر اور غزوہ خندق میں تلواروں ،گھوڑوں،پہاڑوں،کھجور کے درختوں،پرانے طرز کے مکانات اور مسلمان لشکر کی گزرگاہوں ،کھدی ہوئی خندق اور اونٹوں کے درمیان صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کے علامتی کرداروں کو بڑی محنت سے پلاسٹر آف پیرس،کارڈ،رنگوں اور دیگر اشیا کی مدد سے اس طرح بنا یا گیا تھا کہ اپنا وجود میدانِ جنگ میں محسوس ہو رہا تھا

آگے بڑھے توکچھ طالبات

مختلف موضوعات مثلا نبی ﷺ بحیثیت سپہ سالار نبی ﷺ عورتوں کے محافظ کے تحت مستند معلومات و بہترین ماڈل و پراجیکٹ کی مدد سے پیش کر رہی تھیں۔اگلے ہی کمرے میں حضور ﷺ کی پرندوں پر شفقت،ازواج نبی ﷺ کی سادہ زندگی کی عکاسی کرتے ماڈل اپنی جانب توجہ کھینچ رہے تھے۔نبی ﷺ کی مرغوب غذائیں،سنت علاج حجامہ،جنگوں میں استعمال کی جانے والی تلواریں اور صفا و مروہ کو تمام جزئیات کے ساتھ پیش کیا گیا تھا۔

جمعہ کی سنتیں،روزے کی اہمیت،شہد،کلونجی،زیتون،کھجور،آب زم زم اور طریقہ حج کو طالبات ماڈلز اور پریزنٹیشن کے ذریعے ذہنوں میں بٹھارہی تھیں۔نبی کریم ﷺ کی دنیا سے رخصتی کا وقت ،دیوار پر نو تلواروں،بغیر تیل کے چراغ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہ کے حجرے میں وصال اور رب سے ملاقات کا احوال بتایا جارہا تھا ۔

اہم بات یہ تھی کہ ان بے مثال ماڈلز کو بنانے میں جماعت دوم کے طلبہ و طالبات سے لے کر دہم تک کی طالبات نے نہایت جانفشانی سے کام کیا۔اساتذہ کی شفقت بھری رہنمائی،طالبات کی انتھک محنت،جذبے،دن رات کی لگن،خوب سے خوب تر بنانے کی جستجو اسکول کے ماحول کو پرنور بنائے ہوئے تھی۔تقریباً ایک مہینہ ہم نے جس طرح سیرت رسول ﷺ کا عمیق مطالعہ کیا وہ ہمارے لیے قیمتی اثاثہ ثابت ہوگا۔عثمان پبلک اسکول شاخ سوم کی نگران اعلیٰ،اساتذات،طالبات اور ہزاروں کی تعداد میں مہمانوں کی آمد نے سیرت نمائش کو کامیاب اور یادگار بنادیا۔اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ اس سیرت نمائش میں حصہ لینے والے تمام افراد کواجر عظیم عطا فرمائے اور یوم آخرت نبی کریم ﷺ کی شفاعت اور ان کے ہاتھوں حوض کوثر کا پانی پینا نصیب فرمائےآمین۔(سیدہ ازکیٰ :جماعت نہم)

# USMAN PUBLIC SCHOOL CAMPUS 3
# SYNOPSIS OF SEERAH EXHIBITION 2022

(Note: On 8th October, an exhibition on Seerat UN nabi (S.A.W) was held at Campus 3, School premises, a brief report is as under.)

The ground was decorated with the related Hadith and Holy verses in the manner that most of us wanted to read all of them.

At the entrance, there was a huge tent, having different stalls. The first stall was inviting the prophet's lovers to know about His favorite food. All favorite food of Muhammad Peace be upon him wasn't only explained nicely but all of them were kept and made the visitors entertained with healthy food, recalling our prophet's simple food.

Another stall captured our attention, as it was about Sunnah sports. Wrestling, archery, swimming, sword fighting, Camel and horse riding were modelled perfectly, it was modelled to memorize us the sports loved and liked by our prophet.

The third stall was telling us about economic growth of society as, it was a trading stall which was selling juices, key chain, Islamic books and Honey.

Then we saw many chairs Infront of assembly stage, where students of different classes were busy in presenting tableaus, speeches, Naat, all the stage performances were prepared to raise the importance of Sunnah in our daily life.

It wasn't this , all the classes were having their particular projects . They are as follows:

1. عام الفیل

KOH E SAFA & GAR E HIRA was designed to make us realize how MUHAMMAD PBUH used to go there and how pigeon and spider webs protected him against his enemies

WAQIA E TAIF renewed Muhammad PBUH suffering and the result thereafter

MAIRAJ UN NABI & BAIT UL MAQDAS cleared the concepts about distance, travel on burraque, seven skies and presences of different prophets on the skies

MAIRAJ UN NABI, MAUJZAT E RASOOL ( MIRACLE OF MUHAMMAD PBUH & RASOOL KI TALWAREN ( SWORDS OF MUHAMMAD PBUH) it showed that Muhammad PBUH was always ready to train his followers in the way of Allah and jihad

KHAWATEEN K HOQOOQ,

ILM & RIYASAT E TALEEM. women possess regards in Islam which was elaborated to make us

aware that how Islam empower women by giving them certain rights. In the same way the following topics covered all about a society which Muhammad PBUH founded in Medina and the fruitful consequences

. MADNI DAUR (TAHWEEL E QIBLA & HIJRAT E MADINA)

. PLINTH OF SUFFAH (SUTOON E HANANAH)

LIBRARY # MUSLIM SCIENTIST

SHEHER E MADINA

NABI KA ADL O INSAF

MADINA BAZAR

HIJAMA & TIB E NABVI made us realize that medication for illness is the way to Sunnah. We must follow the medications suggested by Muhammad PBUH.

AZWAJ E MUTAHHIRAT KI SADA ZINDAGI taught us that actual living standard is leading a simple life based on truth, honesty and simplicity

PARINDO PER SHAFQAT aware us about dealing with animals

DAUR E SIDDIQUE E AKBER was presented to how did Hazrat Abu Bakar put Muhammad PBUH teaching to practice.

QUIZ was an interesting thing, which was followed by asking the related questions and the main charm was the happiness of getting gifts.

GHAZWAT, NABI BATAUR E SIPPA SALAR. For the sake of truth and justification jihad must be done which was highlighted through representing swords and stories of jihad.

MAQAMAT E HAJJ &

THE LAST SERMON OF THE HOLY PROPHET MUHAMMAD PBUH laced the audiences up about how and when Hajj is performed and it also highlighted the teachings of the Last Sermon of the Holy Prophet

AND the last one

WISAL E NABVI (S.A.W) was defined in heart trenching way, which put the listeners into grief remembering the event.

In brief each and every aspect of Muhammad PBUH was covered with great emotion, enthusiasm and love. Teachers and students' contribution was at the highest peak of setting up the best example of love and dedication.

# Valuable Feed Back

عثمان پبلک اسکول کیمپس 3 کی انتظامیہ وزمہ داران و اساتذہ کرام انتہائی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ دور پیمبر ﷺ کے تمام گوشون کو سیرت نمائش میں احسن انداز میں پیش کیا اور حب رسول کے جذبے کو اجاگر کیا۔ تمام پروجیکٹ و ماڈل و بچوں کی پریزینٹیشن قابل تحسین ہیں۔ حب رسول ﷺ و اطاعت رسول کا جزبہ تمام طالبات میں نمایاں طور پر دیکھنے میں آیا۔اللہ تعاللی تمام افراد کی کاوشوں کو قبول کرتی ہوہے بہترین اجر عظیم دے اور اس پروگرام کے ثمرات حاصل کرنے والا بنائے۔ آمین

ایگزیکٹو ڈائریکٹر

کیمپس 3 میں ہونے والی سیرت نمائش بے مثال تھی طالبات کا ذوق وشوق اور ان کی محنت قابل تحسین ہے۔ جس طرح سیرت کے مختلف پہلوؤں پر تحقیق کی گئی اور اس کو ماڈلز اور چارٹز کے ذریعہ پیش کیا گیا وہ قابل تعریف ہے ۔

اس ساری سرگرمی سے یقیناً طالبات نے بہت کچھ سیکھا اور ان کا سیرت نبوی سے ایک تعلق بنا جو ایک بڑا حاصل ہے

اس سیرت نمائش کی منصوبہ بندی کرنے اس کو کروانے میں حصہ ڈالنے والے ہر ہر فرد کو اللہ تعالی بہترین اجر عطا فرمائے اور حب رسول میں اضافے کا ذریعہ بنائے

شعبہ آر اینڈ ڈی
مس ثمینہ مرسلین

سیرہ نُمائش یقیناً عثمان پبلک اسکول سسٹم میں ایک منفرد سرگرمی اور تجربہ ہے ۔۔جس طرح سائنس نمائش میں مختلف سائن اور عملی منصوبوں (projects) نمائش کے ذریعے سائنس کی ترقی، ایجادات اور سائنس میں تحقیق کا شوق طلبا میں نشوونما دینے کی کوشش کی جاتی ہے ، دیگر نمائشوں کے بھی کم و بیش اسی طرح کے مقاصد ہوتے ہیں ۔۔۔ بالکل اسی طرح سیرہ نمائش کا بھی مقصد واضح ہے کہ اس نمائش کے ذریعے طلبا میں حب رسول اور اتباع رسول ﷺ کی نشوونما ہے اس لحاظ سے کیمپس 1 اور 3 کے اساتذہ اور طلبا ت نے بہترین نمائش منعقد کی طلبا میں سیرہ نمائش کے مقاصد بدرجہ اتم حاصل کیے گئے۔ محنت، لگن، اخلاص، شوق، دلچپی اور والہانہ عقیدت کا زبردست مظاہرہ ہوا

قابل تحسین و مبارک باد ہیں دونوں کیمپسوں کی اساتذات۔

ڈائریکٹر اکیڈمک
سر انتصار

الحمد للہ آج کیمپس 3 نے سیرت النبی ﷺ کو بیان کرنے اور طالبات کا ذہنی رشتہ سیرت سے قائم کرنے کا بہترین انتظام کیا ۔ یوں کیمپس 1 اور 3 نے ہمارے سسٹم کی اولین سیرت نمائش کو منعقد کرنے کا اعزاز حاصل کیا ۔آج کی نمائش پرنسپل ، وائس پرنسپل اور تمام ہی اساتذات کی محنت، ان کے خلوص اور حسن تدبیر کا منہ بولتا ثبوت ہےطالبات کی اکثریت کی پروگرام میں عملی شمولیت، فورمز کا بہترین استعمال اور انتہائی کم خرچ سے بہترین ماڈلز کی تیاری قابل تحسین ہے۔ مختلف پروجیکٹس کے ذریعے جدید دور میں سیرت النبی سے رہنمائی کا پہلو بھی اجاگر کیا گیا ۔

اللہ تعالیٰ اس پروگرام کے ثمرات کو سمیٹنے کی توفیق دے ۔ آمین۔

ڈائریکٹر اکیڈمک
عاصم علی یوسف

لسلام علیکم

آج کیمپس 3 میں منعقد ہونے والی سیرت نمائش کو دیکھ کر بے انتہا خوشی ہوئی۔ پروجیکٹس دیکھ کر یہ اندازہ بھی ہوا کہ اساتذہ اور طالبات نے نمائش کے مختلف پہلوؤں پر کام کرنے کے لیے سیرت کا ہمہ پہلو مطالعہ بھی خوب کیا ہے۔ ان شاء اللہ سیرت کا یہ گہرا مطالعہ ان کی زندگیوں پر بھی اثرانداز ہو گا۔پورا پروگرام بہت منظم تھا۔

واقعات پر پروجیکٹ بنانا بھی آسان نہیں ہوتا مگر موضوعات پر پروجیکٹ بنانا تو واقعی کمال ہے ۔

پرنسپل ، وائس پرنسپل اور تمام ہی اساتذہ قابل مبارک باد ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ اس کا اجر آپ سب کو بڑھا چڑھا کر دے۔ اور ہم نئ نسل کا سیرت سے راسخ بنیادوں پر تعلق قائم کر سکیں ۔

جزاکم اللہ
علی حسین

ماشاء اللہ بہترین طریقے سے آج کیمپس 3 میں سیرت نمائش کا انعقاد ہوا ۔ بچوں کا جذبہ اور پیشکش بہترین تھی۔

بلا شبہ M&C ڈیپارٹمنٹ کی تجویز پر سیرت نمائش کا مختلف کیمپسز میں انعقاد ایک زبردست تجربہ رہا۔اللہ رب ا لعالمین ادارہ کے تمام شعبوں کے افراد کی محنت اور کوششوں کو قبول فرمائے آمین

پرنسپل کیمپس 1
سعدیہ جنید

محترم ذمہ داران عثمان پبلک اسکول سسٹم ۔
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عثمان پبلک اسکول اپنے طلبہ و طالبات کے لئے نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے شاندار روایات کا امین رہا ہے ۔ طلبہ و طالبات کو سیرت النبی ﷺ سے روشناس کرانے، پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دلوں میں پیدا کرنے اور اس میں اضافے کے لئے . *سیرۃ نمائش* اس کی ایک شاندار کاوش تھی

عثمان پبلک اسکول سسٹم کے تمام تمام اساتذہ کرام خصوصی مبارکباد اور دعاؤں کے مستحق ہیں کہ وہ اس پر فتن دور میں طلباء کی تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ان کی فکری تربیت کا فریضہ بھی سر انجام دے رہے ہیں ۔

تمام پراجیکٹس میں اساتذہ کرام اور بچیوں کا خلوص، ان کی محنت اور ان کی محبت نظر آ رہی تھی ۔ ان پراجیکٹس کی تفصیل بتاتے ہوئے بچیوں کے لہجوں میں جو جوش تھا ، میں ان جذبات کی بے حد قدر کرتی ہوں اور میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محبت کو تا حیات قائم رکھے اور ہم سب کو عشق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی تقاضے پورے کرنے والا بنائے۔ آمین ثم آمین

اسکول انتظامیہ کے لئے ایک مرتبہ پھر بہت ساری دعائیں ۔

اللہ تعالیٰ ان سب کوششوں کو آپ کے حق میں حجت بنائے اور یہاں طلباء کی وہ فکری تربیت ہو کہ وہ امت مسلمہ کی قیادت کے لئے تیار ہوں۔۔۔ آمین ثم آمین

آپ نے مجھے اس نمائش میں مدعو کیا جزاک اللہ خیرا

والسلام

اسماء سفیر

ناظمہ حلقہ خواتین

جماعت اسلامی کراچی

عثمان پبلک اسکول سسٹم کیمپس سوم کی جانب سے منعقد کردہ سیرت نمائش نہایت کامیاب رہی۔اس میں نبی کریم ﷺ کی زندگی کے ہر پہلو پر بہترین انداز میں روشنی ڈالی گئی اور نبی کریم ﷺ کے اخلاق و کردار کا تفصیلی احاطہ کرتے ہوئے ان کے دل میں رسول ﷺ کی محبت کو ابھارا گیا۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حب رسول ﷺ نے ہمارے ایمان کو مزید تازہ کردیا۔تمام بچوں کی محنت نے اس سیرت نمائش کو مزید چار چاند لگادیے۔

(منزہ خان : جماعت دہم)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آٹھ اکتوبر بروز ہفتہ عثمان پبلک اسکول کیمپس 3 نے سیرت ایگزیبیشن میں ماڈل اور پریزینٹیشن کے ذریعے نبی کی زندگی کے مختلف پہلو کو تمثیلی انداز سے دیکھنے کا موقع فراہم کیا۔

عثمان پبلک کیمپس 3 میں ایک بہترین بستی بسائی جہاں حضرت محمد ﷺ کی زندگی کے مختلف ادوار ،اہم واقعات، غزوات ،آپؐ کی رہائش ، ان کے لباس، ان کی خوراک، ان کی پسند مختلف اسٹالز اور ماڈلز کے ذریعے دکھائے ۔ غرض یہ کے ان کی جنگی حکمت عملی ماڈلز کے ذریعے سمجھایا گیا تھا۔

ننھی ننھی طالبات کو اپنے عنوان پر پورا عبور حاصل تھا ۔جس سے اس بات کا اندازہ ہوا کہ پہلے عشق مصطفیٰ ﷺ کو دلوں میں اتارا گیا ہے ۔ جس سے بچے ان کے حالات سے واقف ہوئے۔

قابل تحسین ہیں طالبات ، اساتذہ کرام ، پرنسپل صاحبہ اور عثمان پبلک اسکول کی انتظامیہ جس نے اس اہم ترین موضوع پر اس قدر محنت سے کام کیا ۔ امید ہے کہ محبت رسول تا دیر ان کے ایمان کی لو کو بڑھانے کا سبب رہے گی۔

نبی ﷺ نے فرمایا : وہ لوگ جو بن دیکھے مجھ پر ایمان لائیں گے ، مجھ سے ایسی محبت کریں گے کہ اپنے باپ ، بیٹے ، بھائی حتی کہ اپنی جان سے بھی بڑھ کر میری دید کے مشتاق ہوں گے وہ میرے بھائی ہوں گے ۔

اللہ تعالیٰ اپنی اور اپنے نبی کی محبت کو ہم سب کی وجہ بخشش بنائے۔ آمین

مسرت جنید

ناظمہ ضلع

السلام و علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

اکتوبر بروز ہفتہ محترمہ ثمینہ باز پرنسپل عثمان پبلک اسکول کیمپس 3 کی دعوت پر ایک بہت خوبصورت اور ایمان و عقیدت سے مزین موقع پر شرکت کی سعادت نصیب ہوئی اسکول میں داخل ہونے سے لے کر واپسی تک ایک سرشاری کا احساس تھا۔

نبی مہربان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے ہر گوشے کو گہرے مطالعہ اور تحقیق کے ساتھ پروجیکٹ کی شکل میں عملی جامہ پہنایا گیا تھا۔

معصوم اور ذہین بچے بہت روانی کے ساتھ اردو انگلش میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں کو اور واقعات کو بیان کررہے تھے قابل تحسین ہیں انتظامیہ شعبہ تربیت پرنسپل اور وائس پرنسپل اور تمام اساتذہ جنہوں نے اس پر فتن دور میں معصوم ذہنوں کی آبیاری کے لئے اتنا خوبصورت انداز اختیار کیا اور عملی طور پر سنتوں کو آسان کر کے بتایا اور سمجھایا۔وہاں طالبات کی مائیں بھی موجود تھیں جو یقیناً رب کا بہت شکر ادا کررہی ہونگی اپنے بچوں کو اتنے بہترین ادارے میں تعلیم دلوانے پر جو تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کا بھی انتظام کرتا ہے۔ایک بار پھر تمام اساتذہ اور انتظامیہ کو مبارکباد

طلعت ندیم

ناظمہ ضلع گلبرگ

میری عزیز میڈم ثمینہ ،مس مسرت وقار، تمام کوآرڈینیٹرز اور عزیز از جاں
ساتھی اساتذہ کرام
السلام علیکم!

الحمدللہ مجھے اپنے کیمپس میں آکر بے حد خوشی ہوی ۔آپ سب سے ملنے کی دلی تمنا پوری ہوئ ۔یہ نمائش دور موجود میں ایک احسن کاوش ہے ۔ہمارے بچے ملت کا سرمایا ہیں۔جب یہ نور معاشرے کے ہر شعبے اور طبقے میں پہنچے گا تو نور رسالت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے انوار تجلیات سے یہ جہاں معمور ہو گا ان شاء اللہ ۔اس نمائش میں تمام اساتذہ کرام کی رہنمائ اور تعاون قابل ستائش ہے۔طالبات کا جذبہ ،فہم اور پیشکش کا انداز فقیدالمثال ہے ۔اللہ تمام افراد کی کاوشوں کو قبول فرماہے اور اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین

جزاک اللہ
مس زینب فاطمہ

8 اکتوبر 2022 بروز ہفتہ عثمان پبلک اسکول کیمپس 3 میں سیرت نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ یہ بہت منفرد پروگرام تھا۔اسکول میں داخل ہوتے ہی ہمیں ایسا محسوس ہوا جیسے ہم دور رسالت میں ہیں اور مکہ اور مدینہ کی گلیوں میں گھوم رہے ہیں۔جب ہم اس کمرے میں پہنچے جہاں واقعہ معراج کے بارے میں بتایا جا رہا تھا تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ گویا میں بھی اس منظر میں شامل ہوں۔ساتوں آسمان کے مناظر اور واقعات میری نظروں کے سامنے گھومنے لگے خاص طور پر وہ وقت جب حضور کو نماز کا تحفہ دیا گیا گیا اور سورہ بقرہ کی کی آخری دوآیات نازل کی گئیں۔اس کے علاوہ شعب ابی طالب کے مناظر دیکھ کر مجھے محسوس ہوا کہ دین اسلام کو ہم تک پہنچانے کے لیے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم نے کتنی تکالیف برداشت کیں۔ اس کے علاوہ فتح مکہ کے مناظر کو بہت ایمان افروز انداز سے پیش کیا گیا کہ پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک عظیم فاتح کی طرح مکہ شہر میں داخل ہوئےعام معافی کا اعلان کیا اور فرمایا :
لا تثریب علیکم یوم "ترجمہ :" آج تم پر کوئی گرفت نہیں"۔
اس کے بعد جس چیز نے مجھے سب سے زیادہ متاثر کیا وہ غزوات کی منظر کشی تھی۔ جب مسلمانوں نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن سے اللہ کے بھروسے پر بہادری اور جرات سے مقابلہ کیا بہترین حکمت عملی اختیار کی فتح اور نصرت سے ہمکنار ہوئے۔ اس کے بعد ایک ایمان افروز چیز جس کا میں ذکر کرنا ضروری سمجھتی ہوں وہ ہے خطبہ حجۃالوداع جو کہ اسلامی تعلیمات کا نچوڑ اور عالمی منشور انسانیت کی حیثیت رکھتا ہے ۔
اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں گواہ رہنا کہ میں نے تم تک للہ کا پیغام پہنچا دیا ہے پھر فرمایا کہ جو لوگ یہاں موجود ہیں اس پیغام کو ان لوگوں تک پہنچا دیں جو یہاں موجود نہیں ہیں ۔اس موقع پر یہ آیت تلاوت کی گئی ۔
آج کے دن میں نے تمہارا دین مکمل کردیا اپنی نعمت تمام کردی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند فرمایا

یہ سیرت نمائش آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسی فرمان کا ایک پر تو ہے۔ یعنی ہمارے اساتذہ کرام اور ساتھی طالبات نے مل کر سیرت مبارکہ کے ہر ہر پہلو پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی ہے اللہ تعالی ان کی کوششوں کو قبول فرمائے آمین

(نمیرہ ریحان : جماعت ہشتم الف)

8اکتوبر بروز ہفتہ عثمان پبلک اسکول کیمپس 3 میں سیرت نمائش کا انعقاد ہوا۔یہ بہت منفرد پروگرام تھا۔اسکول میں داخل ہوتے ہی ہمیں ایسا محسوس ہوا جیسے ہم دور رسالت میں ہیں اور مکہ اور مدینہ کی گلیوں میں گھوم رہے ہیں۔اس سیرت نمائش میں اساتذہ کرام اور ساتھی طالبات نے مل کر سیرت مبارکہ کے ہر پہلو پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی ۔اللہ تعالی اس سیرت نمائش کے مقاصد کو حاصل کرنے والا بنائے اور ہمیں سیرت مبارکہ پر بہترین طریقے سے عمل کرنے والا بنائے۔ اللہ تعالی تمام افراد کی کوششوں کو قبول فرمائے۔ (آمین)

(منال فاطمہ) :جماعت ہفتم الف

میں نے سیرت نمائش میں بہت سے پراجیکٹ دیکھے۔جن کو بنانے کے لیے اسکول کی طالبات نے بڑی محنت کی۔اس سیرت نمائش سے میں نے کی چین بھی خریدی ۔جس پر محمدﷺ لکھا ہوا تھا۔اس سیرت نمائش سےپیارے نبی ﷺ کے بارے میں میری معلومات میں اضافہ ہوا۔

( عنایا نوید:جماعت چہارم ب

ہمارے اسکول میں جو سیرت نمائش ہوئی وہ بہت اچھی تھی۔ میں نے بھی اس نمائش میں حصہ لیا تھااس میں بتایا گیا کہ پیارے نبی ﷺ نے ہمیں مسواک کرنے کی تعلیم دی ۔آپﷺ معراج کے سفر پر پانچ نمازوں کا تحفہ لائےاور اس میں جو براق بنایا گیا تھا مجھے وہ بہت اچھا لگا تھا۔

(عیشال فاطمہ:جماعت دوم)

سیرت نمائش میں تمام طالبات نے حصہ لیا ہمارے اساتذہ نے ہماری رہنمائی کی۔اس نمائش میں طالبات نے نعت،ٹیبلو اور پروجیکٹ پیش کیے۔اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تعالی ہم سب کو نبی کریمﷺ کی تمام سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق دے۔آمین

(ام ہانی :جماعت سوم)

It was a great experience visiting the seerah exhibition. I gained so much knowledge about our prophet Muhammad (s.a.w) and had a lot of fun. I saw tableaux and listened to the enthusiastic speeches. All the projects and everything out there, were adorable.

AREEHA SHAHAB ; VII A

## SEERAH EXHIBITION REVIEWS (2022)

We are all well aware of the Seerah exhibition that was recently held at our campus III. It was systematically organized by all the students and our respected teachers. The Seerah exhibition, as it sounds, concerned the life of the HOLY PROPHET S.A.W (PBUH). This exhibition was unique in such a manner that it showed two folds, first to represent the modestly spent life of our beloved Prophet S.A.W (PBUH), and second to provide morale boost to implement the ways of Holy Prophet S.A.W (PBUH) in our lives.

The students embodied the Seerah of Holy Prophet S.A.W (PBUH) through their eye-catching and dazzling charts, astounding and expedient models, as well as staggering and heart touching stage performances. Every eye that saw this well comprised exhibition was stunned and every mouth only could utter MASHALLAH.

Furthermore, through this we hope and expect that all the visitors and the participants must have caught onto the gist of the exhibition and continue their life abiding by the ways of HOLY PROPHET S.A.W (PBUH).

Written by
Emaan Ashrafi
Abeeha Zubair
IX B

Mashallah, indeed you have covered every project wonderfully.

Feedback on colorful sticky notes are looking awesome and all projects are fantastic...my heart was overwhelmed...and I really couldn't resist my tears many times. Seerah exhibition first time I ever attended such an exhibition. Marvelous and profound knowledge I gained through students and Incharge teachers.

While visiting the last room. At wisaal e nabvi....the student really narrated. ...the saddest part and of cours. I just pray May Allah guide us to the right path and make us able to follow Sunnah of Hazrat Muhammad saw.

Ameen.

May Allah bless you all.
Ms Madiha Ghazanfar
Campus III

MASHALLAH!! The seerah exhibition of campus III was amazing. It was nicely organized by all the participants and the teachers. The seerah of our beloved PROPHET S.A.W was well defined by stage performances, presentations and heart touching naats as well as nasheeds. Students and visitors learned so many things.

Hope they will follow the seerah of PROPHET S.A.W in their daily life.

INSHALLAH
HANIA AND HABIBA {X-A}


# GALLERY







دورِ جاہلیت


سنگ ابی جہل
سراقہ کا گھوڑا
شق القمر


جابرؓ کا طعام
بنت بشیرؓ کی کھجوریں


غزوہ احد
مشرکین مکہ
مشرکین مکہ
خالد بن ولید کا دستہ




بیت المال
بیت المال
اشیاء
سونا چاندی
مویشی


بہترین سپہ سالار
پیارے نبی ﷺ بطور
جنگی فوج
غزوہ احد
جنگی حکمت عملی
جنگی فوج
غزوہ خندق
جنگی مقامات
غزوہ بدر






عدالت


مدینہ مارکیٹ
وادی بطحان


مسجد نبوی




تعلیم
ریاست
معیشت

